2017年11月11日ジャング紙ラホール版2面

حضرت داتا گنج بخشؒ کا عرس ختم، ملکی سلامتی کیلئے رقت آمیز دعائیں

عرس کے تینوں روز زائرین چادریں چڑھاتے رہے، نعت خوانی اور سماع کی محافل

لاہور (نمائندہ جنگ، کرائم رپورٹر سے) عرس حضرت داتا گنج بخشؒ کی تین روزہ تقریبات ختم ہو گئیں گذشتہ رات ملکی سلامتی اور مسلم امہ کی کامیابی کی رقت آمیز دعائیں مانگی گئیں، تین روز جاری رہنے والے عرس کی تقریبات میں شرکت کیلئے نہ صرف اندرون ملک بلکہ بیرون ملک سے بھی عقیدت مندوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی، صوبائی وزیر اوقاف سید زعیم حسین قادری، ڈائریکٹر جنرل اوقاف و مذہبی امور ڈاکٹر طاہر رضا بخاری، ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر نور محمد اعوان نے افتتاح کیا۔ عرس کے تینوں روز لاکھوں زائرین اور عقیدت مندوں نے مزار پر حاضری دیکر فاتحہ خوانی کی، ملک بھر سے عقیدت مند ڈھول کی تھاپ کیساتھ مزار پر خوبصورت تیار کردہ چادریں چڑھانے کیلئے آتے رہے، تہہ خانے میں بنے سماع ہال میں تینوں روز ملک کے نامور قوالوں نے اپنا کلام پیش کیا، نعت خوانوں نے بھی خدمت رسالتؐ میں گلہائے عقیدت پیش کئے، مسجد داتا دربار میں علماء کرام اور قراء حضرات نے بھی تینوں دن زائرین کو مسحور کئے رکھا۔ زائرین کی کثیر تعداد کے باعث مزار سے دور مختلف عمارتوں اور احاطوں میں پارکنگ سٹینڈ بنائے گئے جہاں سے عقیدت مند پیدل مزار پر پہنچتے، دودھ کی سبیل کے افتتاح کے بعد تینوں دن چوبیس گھنٹے مرد و خواتین زائرین قطاروں میں سبیل سے دودھ لیتے رہے۔ مزار اور مسجد حضرت داتا گنج بخشؒ کو خوبصورت روشنیوں سے سجایا گیا تھا، عرس کے اختتام کے باوجود زائرین کی جانب سے مزار پر حاضری اور نذر و نیاز کی تقسیم کا سلسلہ آئندہ کئی روز تک جاری رہے گا۔